© rasailojaraid.com

اور فاضل مرتبین کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتے ہیں۔

---

**معرکۂ فرعون و کلیم** | مولف: اخلاق حسین صاحب۔ ناشر: اسلامک پبلیکیشنز لمیٹڈ ۱۳-ای شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔ کتابت طباعت عمدہ۔ سفید کاغذ ۲۱۲ صفحات قیمت -/۷ روپے

حضرت موسیٰ علیہ السلام اور فرعون کی کشمکش، قصص قرآن میں سے ایک اہم قصہ ہے جس میں ہر دور کے علمبرداران حق و صداقت کے لیے متعدد نصائح و عبر اور کئی اسباقِ عزیمت و استقامت موجود ہیں۔ جن کو اگر سامنے رکھا جائے تو انتہائی نامساعد حالات میں بھی کوئی داعیٔ حق افسردگی و مایوسی کا شکار نہیں ہو سکتا۔ اس قصے کا یہی وہ تحریکی پہلو ہے جسے زیرِ تبصرہ کتاب میں اجاگر کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ آج کے دل شکن حالات میں اس کا مطالعہ دعوتِ دین کا کام کرنے والوں کے لیے موجبِ تقویت بن سکے۔

بہتر ہوتا اگر قصۂ فرعون و کلیم مرتب کرتے وقت ذخیرۂ حدیث و تفسیر سے بھی مدد لی جاتی۔ اس صورت میں بعض واقعات ضروری تفصیل کے ساتھ اور زیادہ موثر انداز میں سامنے آتے اور کوئی تشنگی محسوس نہ ہوتی جس سے بحالتِ موجودہ انکار نہیں کیا جا سکتا۔ مثال کے طور پر معجزاتِ موسیٰ، مسلسل تنبیہاتِ الٰہی، خسفِ قارون اور دیگر مباحث۔ لیکن اب تو بائے بسم اللہ سے لے کر تائے تمت تک کتاب میں قاری صرف دو چیزیں دیکھتا ہے۔ آیاتِ قرآن اور مؤلف کا اپنا استدلال و استنتاج۔ کہیں کہیں ایک ہی مفہوم کی آیات کا تکرار بھی پایا جاتا ہے جس کی کوئی توجیہہ تبصرہ نگار نہیں کر سکا۔

بحیثیتِ مجموعی معرکۂ فرعون و کلیم ایک اچھی کوشش ہے اور تحریکِ اسلامی کے کارکنوں کے لیے اس کا مطالعہ مفید رہے گا۔

---

**طبِ نبوی** | مرتبہ، حافظ نذیر احمد صاحب۔ ناشر: مسلم اکادمی۔ نذیر منزل علامہ اقبال روڈ لاہور۔ کتابت طباعت گوارا۔ سفید کاغذ پر کتابی سائز کے ۲۴۰ صفحات قیمت ۵۰ء۴۶ روپے

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حیاتِ انسانی کے جملہ امراض کا مداوا بن کر آئے تھے، زندگی کا ظاہری و باطنی پہلو ہو یا جسمانی و روحانی آپ نے دونوں کی طرف توجہ دی دونوں کا تزکیہ فرمایا اور دنیا و عقبیٰ میں عالمِ انسانیت کو حقیقی سعادت سے ہمکنار کر دیا۔ (باقی صفحہ ۴۴ پر)

© rasailojaraid.com